

رئیس التحریر کی ڈاک

بخدمت گرامی

جناب رئیس التحریر' ماہنامہ ترجمان الحدیث'' فیصل آباد

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

ماہنامہ ''ترجمان الحدیث'' گزشتہ چند ماہ سے نہایت باقاعدگی کے ساتھ موصول ہو رہا ہے۔ مجلّہ نہایت مؤثر' وقیع اور اپنے طباعتی معیار اور ادارتی محاسن کا مرقع ہے۔ اس کی مجلس ادارت لائق تحسین ہے کہ اس قدر مؤثر علمی مجلّہ کی اشاعت اپنی مساعی جمیلہ اور اخلاص کے ساتھ باقاعدگی کے ساتھ جاری رکھے ہوئے ہیں۔

مجلّہ کا اداریہ' علماء کا تعارف' کتابوں پر تبصرہ اور سفر آخرت کے راہیوں کا تذکرہ خصوصی طور پر قابل تعریف ہے۔ میں آپ کا اور مجلس ادارت کا نہایت شکر گزار ہوں کہ مجھے چشمہ علمی سے فیضیاب ہونے کا موقع ملتا ہے۔

فجزاکم اللہ احسن الجزاء.

میں آپ کا اور مجلس ادارت کا ایک بار پھر شکر گزار ہوں۔

والسلام

ڈاکٹر اعجاز فاروق اکرم

چیئرمین شعبہ عربی (جی سی یونیورسٹی فیصل آباد)